© rasailojaraid.com



اُمید ہے مناسک حج و عمرہ کے لیے جانے والوں اور سعودی عرب کے احوال جاننے کے خواہش مند حضرات کے لیے یہ سفرنامہ ایک رہنما اور مہمیز کا کام دے گا۔(عبداللہ شاہ ہاشمی)

**خطباتِ پاکستان**، مؤلف: مولانا سید جلال الدین عمری، ترتیب و تدوین: ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی۔ ناشر: منشورات، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: ۳۵۴۳۴۹۰۹-۰۴۲۔ صفحات: ۱۹۰۔ قیمت: ۱۹۶ روپے۔

خطباتِ پاکستان مولانا سید جلال الدین کے ان خطبات کا مجموعہ ہے جو اپنے حالیہ دورۂ پاکستان کے موقع پر انھوں نے مختلف دینی، تحریکی اور علمی مجالس میں ارشاد فرمائے۔ مولانا سید جلال الدین عمری جماعت اسلامی ہند کے امیر، معروف دینی سکالر اور جید عالم دین ہیں۔ ممتاز محقق، خطیب اور صاحبِ طرز مصنف ہیں۔ قرآن و سنت اور جدید علوم و افکار ان کا خاص موضوع ہیں۔ اسلوب کی انفرادیت، موضوع کا تنوع، منفرد طرز استدلال اور زبان و بیان کی شگفتگی ان کی تحریر کے نمایاں اوصاف ہیں۔

خطبات پاکستان ان کے دو اسفارِ پاکستان کی رُودادوں اور اس دوران مختلف مجالس اور سیمی ناروں میں ان کی تقاریر کا مجموعہ ہے۔ ان خطبات میں ''اسلام'' کے حوالے سے جامع اور وسیع تر تناظر میں بات کی گئی ہے جس میں تحریک اسلامی، اقامت دین اور اس کے علمی و عملی تقاضے، احیاے اسلام کی مختلف تدابیر، غلبۂ اسلام کی جدوجہد اور اس کی جہتیں، ذاتی اصلاح و تربیت، ہندستانی مسلمانوں کے حالات، مشکلات و مسائل، اہم شخصیات کا تعارف، پاکستان کے حالات، دینی و تحریکی حلقوں کی سرگرمیاں اور جماعت اسلامی ہند کا تذکرہ شامل ہے۔ اخبارات و رسائل کو دیے گئے مختلف انٹرویو بھی کتاب کا حصّہ ہیں۔ خطبات پاکستان ایک صاحب دل بزرگ کے تجربات و مشاہدات کا نچوڑ ہے جس سے پاکستان اور ہندستان میں اسلامی تحریک کا کام کرنے والوں کے لیے قیمتی نکات اور عمدہ لوازمہ فراہم ہوگیا ہے۔(عمران ظہور غازی)

**خدا کی بستی میں**، ڈاکٹر عبیداللہ فہد فلاحی۔ ناشر: القلم پبلی کیشنز، ٹرک یارڈ، بارہ مولہ-۱۹۳۱۰۱- [مقبوضہ] کشمیر۔ صفحات: ۲۳۰۔ قیمت: ۱۲۵ روپے۔

علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی (شعبۂ علوم اسلامیہ) کے ایسوسی ایٹ پروفیسر کے زیرنظر سفرنامے

© rasailojaraid.com